URDU

میوزک بینڈ میں خوش آمدید!

تمام میوزک بینڈز نئے ممبر حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اس بروشر سے آپ بینڈ کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں اور آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ کیا یہ سرگرمی آپ کیلئے، آپ کے بچے کیلئے یا دوسرے واقفوں کیلئے مناسب ہے۔



VIDAR ALVIK

NMF

NORGES MUSIKKORPS FORBUND



KRISTINE MELLEFOSS

بینڈ میں شامل ہونا ایک ایسی سرگرمی ہے جو آپ ساری عمر جاری رکھ سکتے ہیں۔ یہاں آپکے اچھے دوست بنیں گے جن سے ہر ہفتے پریکٹس پر آپ کی ملاقات ہو گی۔ مل کر آپ کانسرٹس اور میوزک کے بڑے پروگراموں کیلئے پریکٹس کر سکتے ہیں۔ بینڈ میں شامل ہو کر آپ اپنے مقامی ماحول کو اچھا اور محفوظ بنانے میں کردار ادا کر سکتے ہیں اور سیکھنے، کامیابی، دوستی اور وابستگی کے احساسات حاصل کر سکتے ہیں۔

60000 سے زیادہ افراد ناروے کے 1600 بینڈز میں میوزک بجاتے ہیں یا بیٹن ٹؤرلنگ (چھڑی کے ساتھ ڈانس والا کھیل) کرتے ہیں۔ عمر، جنس اور مہارت کی سطح سے قطع نظر، ان سب لوگوں کیلئے کوئی نہ کوئی بینڈ ہے جنہیں بینڈ میں شامل ہونے کی خواہش ہو۔ Skolekorpsene (سکول بینڈز) 7-19 سال کے سکول کے طالبعلموں کیلئے ایک پیشکش ہے جبکہ voksenkorpsene (بالغوں کے بینڈز) نوجوانوں اور بالغ افراد کیلئے ہیں۔ بینڈز میں مختلف ساز بجائے جاتے ہیں اور کچھ بینڈز کا اپنا بیٹن ٹؤرلنگ گروپ بھی ہوتا ہے۔

VIDAR ALVIK

VIDAR ALVIK







بینڈ میں کیوں شامل ہوا جائے؟

میوزک اور سیکھنے کا موقع

بینڈ میں آپ ساز بجانا سیکھتے ہیں یا دوسروں کے ساتھ مل کر بیٹن ٹؤرلنگ کرتے ہیں۔ بینڈ ممبر ہفتے میں ایک سے دو دفعہ اکٹھے ہوتے ہیں اور کنڈکٹر یا انسٹرکٹر کے ساتھ پریکٹس کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سکول بینڈ میں ساز بجانے والے طالبعلم ساز سکھانے والے استاد سے تربیت حاصل کر کے ساز بجانے میں بہتر مہارت حاصل کرتے ہیں۔ بینڈ میں سبھی لوگ اہم ہوتے ہیں اور بینڈ ممبرز کو ان کی موجودہ سطح کے لحاظ سے مناسب چیلنج دیے جاتے ہیں۔



فرصت کے مشاغل کا محفوظ اور اچھا ماحول

بچوں، نوعمر افراد اور بالغوں کو فرصت کے وقت میں اچھے تجربات اور بامعنی سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بینڈ میں آپ:

- ساز بجانا سیکھتے ہیں یا دوسروں کے ساتھ مل کر بیٹن ٹؤرلنگ کرتے ہیں۔
- عمر اور جنس کے اختلاف کے باوجود دوست بناتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں رہنے والے بچوں اور بڑوں سے واقفیت حاصل ہوتی ہے۔
- آپ دوسروں کے ساتھ تعاون کرنا اور دوسروں کا لحاظ کرنا سیکھتے ہیں۔
- دلچسپ کانسرٹس، ویک اینڈ سیمینارز اور بینڈ ٹؤرز میں حصہ لیتے ہیں۔

بینڈ میں بچوں کے ساتھ کام کرنے والے سب بالغ افراد پولیس سرٹیفکیٹ فراہم کرتے ہیں۔

بینڈ میں کیوں شامل ہوا جائے؟

بینڈ میں بالغوں کا کردار

بینڈ گروپس رضاکار تنظیمیں ہیں جنہیں ممبران اور ان کے سرپرست چلاتے ہیں۔ تمام بینڈز کا ایک بورڈ ہوتا ہے جو سرگرمیوں کا انتظام کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے اور بینڈ چلانے کیلئے درکار پیسوں کا انتظام کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سب لوگ مختلف عملی کاموں میں مدد کر سکتے ہیں۔ بینڈ کیلئے رضاکارانہ کام کو dugnad کہا جاتا ہے اور مقامی لوگ ایسے کام کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ دوسرے والدین اور بچوں سے واقف بننے کا اچھا طریقہ ہے اور سب لوگ اجتماعی فائدے اور تجربات کیلئے تعاون کرتے ہیں۔


VIDAR ALVIK


VIDAR ALVIK


NORDBY SKOLEKORPS

آلات اور ساز

سکول بینڈ میں طالبعلموں کو وقتی طور پر ساز اور دوسرےآلات دیے جاتے ہیں۔ بیٹن ٹؤرلنگ یا میوزک کے استاد اور کنڈکٹر انہیں ہر ہفتے تربیت بھی دیتے ہیں۔

بینڈ کو کنڈکٹر، انسٹرکٹر اور آلات کے خرچ کیلئے پیسے بھی درکار ہوتے ہیں۔ بینڈ کیلئے پیسے کمانے کی خاطر رضاکارانہ کام کرنے کے ساتھ ساتھ سب ممبر رکنیت کی فیس بھی دیتے ہیں۔ کئی بلدیات میں امدادی سکیمیں دستیاب ہیں جو ان گھرانوں کیلئے فیس کا خرچ اٹھا سکتی ہیں جنہیں ضرورت ہو۔



I ♥ KORPS

کیا آپ یا آپ کے بچے بینڈ میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟ اپنے مقامی بینڈ، سکول یا نارویجن بینڈ فیڈریشن سے رابطہ کریں۔

آپ کے مقامی بینڈ کے بارے میں معلومات یہاں ہیں:

Fredrikstad Janitsjarskole

email: fredrikstadjanitsjarskole@outlook.com

www.facebook.com/fjskole

NMF | NORGES MUSIKKORPS FORBUND

نارویجن بینڈ فیڈریشن (NMF) ملک میں مشاغل فرصت کی بڑی تنظیموں میں سے ایک ہے۔ نارویجن بینڈ فیڈریشن کے ذریعے بینڈ ممبر گرمیوں کے کورس یا بینڈ کے مقابلوں جیسی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ NMF اس مقصد کیلئے کام کرتی ہے کہ بینڈز کے معاملات بہترین طور پر چلیں۔

ویب سائیٹ: **musikkorps.no**
ای میل: **post@musikkorps.no**